[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**BILL**

further to amend the General Statistics (Reorganization) Act, 2011

WHEREAS it is expedient further to amend the General Statistics (Reorganization) Act, 2011 (XIV of 2011), in the manner and purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** - (1) This Act shall be called the **General Statistics (Reorganization) (Amendment) Act, 2025**.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XIV of 2011.** – In the General Statistics (Reorganization) Act, 2011 (XIV of 2011), hereinafter referred to as the Act, in section 2, -

i) After clause (h), the following new clause shall be inserted, namely:-

"(ha) "division concerned" means the division to which the business of the Act stands allocated";

ii) In clause (p), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

3. **Amendment of section 6, Act XIV of 2011.** – In the Act, in section 6, -

i) In sub-section (3), for clause (a), the following shall be substituted, namely:-

(a) the following shall be the ex-officio members, namely: -

(i) Minister-In-charge of the Division concerned or in his absence the Advisor to the Prime Minister on the subject who shall be the *ex-officio* Chairman:

Provided that if the subject is not allocated to the member of the cabinet, the Prime Minister may nominate a Minister or Advisor to the Prime Minister to be the Chairman;

(ii) Deputy Chairman, Planning Commission, Member cum Vice Chairman of the Governing Council;

(iii) Secretary of the Division concerned; and

(iv) Chief Statistician of the Bureau; and".

ii) In sub-section (3), for clause (b), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

4. **Amendment of section 7, Act XIV of 2011.** – In the Act, in section (7), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

5. **Amendment of section 18, Act XIV of 2011.** – In the Act, in section 18, -

i) In sub section (1), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted; and

ii) In sub section (3), for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

6. **Amendment of section 32, Act XIV of 2011.** – In the Act, in section 32, in sub-section (1) for the words "Federal Government", the words "Prime Minister" shall be substituted.

*******

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The proposed amendments to the *General Statistics (Reorganization) Act, 2011* are aimed at addressing existing administrative and legal inconsistencies, and at aligning the Act with the current governance framework of the Pakistan Bureau of Statistics (PBS) and decisions of the Federal Cabinet.

2. The effective functioning of PBS requires an active Governing Council as provided under the Act. At the time of enactment, the Minister for Finance was designated as Chairman of the Council. However, following the Cabinet's decision dated 04.04.2019, administrative control of PBS was transferred to the Ministry of Planning, Development & Special Initiatives (PD&SI). This shift created a legal inconsistency in the composition of the Governing Council, thereby impeding its ability to convene and perform its statutory functions. To temporarily address this anomaly, the *General Statistics (Reorganization) (Amendment) Ordinance, 2022* authorized the Minister for PD&SI to chair the Council; however, the Ordinance lapsed on 20.10.2022, necessitating a permanent legislative amendment to Section 6(3)(a) of the Act.

3. In addition, the amendments seek to align the Act with the Federal Cabinet's decisions dated 08.09.2017 and 18.10.2022, which directed that the term "Federal Government" in federal statutes be replaced with the appropriate authority. Accordingly, it is proposed to substitute the term "Federal Government" with "Prime Minister" in provisions where the Prime Minister is the competent authority under the existing rules and policies. This includes matters relating to the appointment of Provincial Census Commissioners, Functional Members, and Private Members of the Governing Council.

4. These amendments are intended to ensure administrative clarity, enhance efficiency in decision-making, and reflect the current institutional structure. It will also minimize the placement of routine administrative matters before the Federal Cabinet, allowing it to focus on strategic and policy-level issues. Collectively, the proposed changes will strengthen institutional governance, ensure legal coherence, and enable PBS to discharge its statutory mandate more effectively.

**(Prof. Ahsan Iqbal)**
Federal Minister

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

## عمومی شماریات (تنظیم نو) ایکٹ، ۲۰۱۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اور ایسے طریقہ کار میں، عمومی شماریات (تنظیم نو) ایکٹ ۲۰۱۱ء (۱۴ بابت ۲۰۱۱ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ عمومی شماریات (تنظیم نو) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۱ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم۔** عمومی شماریات (تنظیم نو) ایکٹ، ۲۰۱۱ء (۱۴ بابت ۲۰۱۱ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ میں،۔

(اوّل) شق (ح) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ح الف) ''متعلقہ ڈویژن'' سے وہ ڈویژن مراد ہے جسے ایکٹ کے کارہائے منصبی تفویض کیے گئے ہوں''؛

(دوم) شق (ع) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیراعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۱ء کی، دفعہ ٦ کی ترمیم۔** ایکٹ میں، دفعہ ٦ میں،۔

(اوّل) ذیلی دفعہ (۳) میں، شق (الف) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(الف) حسب ذیل بر بنائے عہدہ اراکین ہوں گے، یعنی:۔

(اوّل) متعلقہ ڈویژن کا وزیر انچارج یا اس کی غیر موجودگی میں اس امر معلومہ پر وزیراعظم کا مشیر جو بر بنائے عہدہ چیئرمین ہوگا؛

CS CamScanner

مگر شرط یہ ہے کہ اگر یہ امر معلومہ کابینہ کے رکن کو تفویض نہ کیا گیا ہو، تو وزیر اعظم کسی وزیر یا وزیر اعظم کے مشیر کو چیئرمین کے لیے نامزد کر سکے گا؛

(دوم) ڈپٹی چیئرمین، منصوبہ بندی کمیشن، گورننگ کونسل کا رکن مع وائس چیئرمین؛

(سوم) متعلقہ ڈویژن کا سیکرٹری؛ اور

(چہارم) بیورو کا چیف ماہر شماریات؛ اور''۔

(دوم) ذیلی دفعہ (۳) میں، شق (ب) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ **ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۱ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم۔** ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۱ء کی، دفعہ ۱۸ کی ترمیم۔** ایکٹ میں، دفعہ ۱۸ میں،۔

(اوّل) ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۱ء کی، دفعہ ۳۲ کی ترمیم۔** ایکٹ میں، دفعہ ۳۲ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، الفاظ ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

*******

CS CamScanner

# بیان اغراض ووجوہ

عمومی شماریات (تنظیم نو) ایکٹ، ۲۰۱۱ء میں مجوزہ ترامیم کا مقصد موجودہ انتظامی اور قانونی تضادات کو دور کرنا ہے، اور ایکٹ کو پاکستان ادارہ شماریات (PBS) کے موجود گورننس فریم ورک سے اور وفاقی کابینہ کے فیصلوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔

۲۔ PBS کے مؤثر کارہائے منصبی کے لیے ایک فعال گورننگ کونسل کی ضرورت ہے جیسا کہ ایکٹ کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ اس کے نفاذ کے وقت، وزیر خزانہ کو کونسل کے چیئرمین کے طور پر نامزد کیا گیا تھا۔ تاہم، کابینہ کے مورخہ ۲۰۱۹ء۔۰۴۔۰۴ کے فیصلے میں، PBS کا انتظامی کنٹرول وزارت منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات (PD&SI) کو منتقل کر دیا گیا۔ اس تبدیلی نے گورننگ کونسل کی تشکیل میں ایک قانونی تضاد پیدا کر دیا، جس سے اس کے اجلاس بلانے اور اس کے قانونی کارہائے منصبی انجام دینے کی صلاحیت میں رکاوٹ پیدا ہوگئی۔ اس بے ضابطگی کو عارضی طور پر دور کرنے کے لیے، عمومی شماریات، (تنظیم نو) (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۲ء نے وزیر برائے PD&SI کو کونسل کی صدارت کرنے کا اختیار دیا؛ تاہم، آرڈیننس، ۲۰۲۲ء۔۱۰۔۲۰ کو اپنی مدت پوری ہونے پر ختم ہوگیا، ایکٹ کی دفعہ ۶ (۳) (الف) میں ترمیم کرنے کے لیے مستقل قانون سازی کی ضرورت درپیش ہے۔

۳۔ مزید برآں، ترامیم وفاقی کابینہ کے مورخہ ۲۰۱۷ء۔۰۹۔۰۸ اور ۲۰۲۲ء۔۱۰۔۱۸ کے فیصلوں کے ساتھ ایکٹ کو ہم آہنگ کرنے کی کوشش کرتی ہیں، جس میں ہدایات کی گئی تھی کہ وفاقی قوانین موضوعہ میں اصطلاح ''وفاقی حکومت'' کو موزوں اتھارٹی سے تبدیل کر دیا جائے۔ اس کے مطابق، ان احکامات میں اصطلاح ''وفاقی حکومت'' کو ''وزیر اعظم'' سے تبدیل کرنے کی تجویز دی گئی ہے جہاں وزیر اعظم موجودہ قواعد اور پالیسیوں کے تحت مجاز اتھارٹی ہے۔ اس میں صوبائی مردم شماری کمشنرز، فعال اراکین، اور گورننگ کونسل کے نجی اراکین کی تقرری سے متعلق معاملات شامل ہیں۔

CS CamScanner

۴۔ ان ترامیم کا مقصد انتظامی وضاحت کو یقینی بنانا، فیصلہ سازی میں کارکردگی کو بڑھانا اور موجودہ ادارہ جاتی ڈھانچے کی عکاسی کرنا ہے۔ یہ وفاقی کابینہ کے سامنے معمول کے انتظامی معاملات پیش کیے جانے کی ضرورت کو بھی کم کردے گی، جس سے اسے اسٹریٹیجک اور پالیسی کی سطح کے امور پر توجہ مرکوز کرنے کا موقع ملے گا۔ مجموعی طور پر، مجوزہ تبدیلیاں ادارہ جاتی نظم ونسق کو مضبوط بنائیں گی، قانونی ہم آہنگی کو یقینی بنائے گی، اور PBS کو اپنے قانونی اختیار (مینڈیٹ) کو زیادہ مؤثر طریقے سے انجام دینے کے قابل بنائیں گی۔

(پروفیسر۔احسن اقبال)
وفاقی وزیر

CamScanner